لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ربیع الثانی ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۲۰ء	جلد ۳۲

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۵ دسمبر ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - مزید رخصت دو ماہ سید حشمت اللہ سکنڈ ماسٹر من ابتدا یکم دسمبر ۱۹۲۰ء بعوض سابق سید شریف حسین منظور فرمائی گئی -

تقرر

۹ دسمبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - تقرر عبدالحامد خان بجائے مدرس ریاضی ہائی اسکول بشاہرہ نوّے روپیہ ماہوار تاریخ کارکردگی سے منظور فرمایا گیا -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۰ء

کرنل صاحبزادہ سید سجاد علیخان بہادر ملٹری سکریٹری کو پہلے سات سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی تھی - اب انکو پانسو روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے - بنظر پرورش مابدولت واقبال دو سو روپیہ ماہوار انکی تنخواہ موجودہ مین اضافہ منظور فرماتے ہین - آیندہ انکو پورے سات سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملا کریگی

حکم ہوا کہ

احکام حسب صراحت سررشتۂ صدر سے جاری ہون -

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - مزید رخصت چھ ماہ منشی ہردیو پرشاد سابق افسر کارخانہ جات کی بلا تنخواہ بوجہ بقائے علالت باتنظام سابقہ منظور فرمائی گئی -

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۶ دسمبر سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ محرر جوڈیشل تحصیل سوار دربارہ شکایت محافظ دفتر دیوانی نسبت نہ لینے اشتمال منفصلہ ماہ اگست و ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء بلاتوسط مفتی صاحب دیوانی -

منفصلہ مثلین ایک مہینے کی دوسرے مہینے کے آخر تک داخل محافظخانہ جات ہوجانا چاہئین - اس بارہ مین متواتر احکام موجود ہین اور وقتاً فوقتاً کتاب معائنہ دیوانی و فوجداری مین ہدایت و تاکید ہوتی رہی ہے تاہم غفلت کیجاتی ہے تحصیل سوار سے منفصلہ مثلین ماہ اگست و ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء کی اب ماہ دسمبر مین داخل محافظخانہ ہوئی ہین جو غفلت ولاپروائی کا باعث ہے - لہذا محرر جوڈیشل تحصیل سوار پر اس غفلت مین ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے اور باجرائے احکام جلد عدالتہا سے کو لکھا جائے کہ اہلمدان متعلق کو ہدایت کردین کہ ہمیشہ ایک مہینے کی منفصلہ مثلین دوسرے آخر مہینے تک داخل محافظخانجات ہوجایا کرین اور کسی ضرورت سے کوئی مثل رکھ لیجائے تو فہرست مین لکھدیا جایا کرے اور اگر کسی مہینے مین کوئی مثل فیصل نہو تو بیاضی فہرست محافظخانہ جات کو جیسا کہ حکم ہے بھیجدیجائے - اگر آیندہ اہلمدان ایسی غفلت کرینگے تو سخت تدارک کیا جائیگا - ایک نقل حکم ہذا کی درج گزٹ کیجائے -

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۲۰ دسمبر ۱۹۳۰

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ۱۳ لغایت ۱۹ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ ار		۵ ا	۵۰ ار	۵۰ ار	۶ ار	
نخود خالص	۵ رار		۶ ار	۶ ار	۵۰ ار	۶ ار	
نخود کرکہ آمیز	۶ ار		٧ ار	۶۰ ار	٧ ار	٧ ار	
کرہ	٧ ار		٧۰ ار	٧ ار	٧ ار	٧ ار	
ماش	۵ رار	•	۵ ار	۵ ار	۵۰ ار	۵ ار	
مونگ	۵ ار		۵ ار	۴۰ ار	۵ ار	۴ ار	
مکا	٧ ار		۶۰ ار	٧ ار	۶ ار	٧ ار	
جئی	•		•	۹ ار	•	۱۰ ار	
گوجئی	۵۰ ار		•	٧ ار	۶۰ ار	٧ ار	
عدس	۵ ار	•	•	•	۶۰ ار	۶ ار	
ارہر	۶۰ ار		•	•	٧ ار	•	
برنج	۴ ار		۳ ار	۴۰ ار	۳ ار	۴ ورر ار	
روغن زرد	۴۰ چھٹانک		۳ ورر ار	۳ ور ار	۳ ورر ار	٧ چھٹانک ۳ ورر ار	
روغن سیاہ	۱ ار	•	۱۰ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن کنجد	۳ ار		۱ ار	۰ ار	۳ ورر ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ر ار		۱۰ ار	۹ ار	۹۰ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری	۵۰ ار		۴ ار	۵ ار	٧ ار	۶ ار	
قند سیاہ	۳ ار		۳ ار	۳ ار	۳۰ ار	۳ ار	
باجرہ	۶ ار		۲ ار	۶ ار	•	۲ ار	